[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*further to amend the Life Insurance (Nationalisation) Order, 1972*

WHEREAS it is expedient further to amend the Life Insurance (Nationalisation) Order, 1972 (President's Order No.10 of 1972) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Life Insurance (Nationalization) (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 2, President's Order No. 10 of 1972.-** In the Life Insurance (Nationalisation) Order, 1972 (President's Order No.10 of 1972), hereinafter referred to as "the said Order", in Article 2,-

(a) for paragraph (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) "assets" includes all investments, properties, rights and entitlements of every description and nature whatsoever, whether present or future, actual or contingent and tangible or intangible, in Pakistan or elsewhere and includes but not limited to property held in trust, both moveable and immovable, benefits, claims, receivables, cash balances, documents, reserve funds, privileges and powers and all other interests and rights in or arising out of any such property and the books of account and documents;";

(b) after paragraph (b), amended as aforesaid, the following new paragraph shall be inserted, namely:-

"(ba) "Company" means the State Life Insurance Company Limited established and incorporated under the Companies Act, 2017 (XIX of 2017) in accordance with clause (3) of Article 11;";

(c) after paragraph (c), the following new paragraph shall be inserted, namely:-

"(ca) "contracts" means all contracts, agreements, bonds, guarantees, indemnities, representations, obligations, undertakings and other legal documents and instruments of every description executed by or on behalf of the Corporation including employment, investment, sales and

Chief Manager ... Tuesday, 2025 ... PM

financial contracts with whomsoever;";

(d) for paragraph (d), the following shall be substituted, namely:-

"(d) "Corporation" means the State Life Insurance Corporation constituted under clause (1) of Articles 11;";

(e) after paragraph (e), the following new paragraphs shall be inserted, namely:-

"(ea) "effective date" means the date on which all assets, property, rights and liabilities of the Corporation shall be vested in the Company;

(eb) "liabilities" means all liabilities lawfully incurred by the Corporation and includes duties and obligations of every kind imposed thereon;";

(f) after paragraph (f), the following new paragraphs shall be inserted, namely:-

"(fa) "policies" means contracts of insurance issued by the Corporation with the guarantees of Government of Pakistan and the policies issued by the Company under the terms and conditions of the policies;

(fb) "proceedings" include any suit, arbitration or other legal, administrative or regulatory proceedings, applications, appeals, awards, reviews or revisions filed or pending;

(fc) "rules" means the rules made under this Order;

(fd) "SOE Act" means the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023)";

(g) after paragraph (g), the following new paragraph shall be inserted, namely:-

"(ga) "transfer" includes the transfer of assets, contracts, policies issued with the guarantees of Government of Pakistan, arrangements, liabilities, proceedings and undertakings of the Corporation, as the case may be, to the Company;";

(h) in paragraph (i), the word "and", occurring at the end, shall be omitted and thereafter the following new paragraphs shall be inserted, namely:-

"(ia) "undertakings" includes all projects, ventures and any other operations undertaken by the Corporation

individually or collectively in collaboration with some other person and party;

(ib) "vesting order" means an order made by the Federal Government under Article 15; and".

**3. Amendment of Article 11, President's Order No.10 of 1972.-** In the said Order, in Article 11, after clause (2), the following new clauses shall be added, namely:-

"(3) The Federal Government shall establish a Company to be known as the State Life Insurance Company, limited by shares and cause it to be incorporated under the Companies Act, 2017 (XIX of 2017) with the principal object of taking over the business, functions, contracts, policies, proceedings, undertakings, assets, liabilities etc., of the Corporation.

(4) Notwithstanding anything contained in this Order, the SOE Act shall apply to the provisions of this Act and in case of any inconsistency between the provisions of this Order and the SOE Act, the provisions of the SOE Act shall prevail.

(5) On the effective date, the Certificate of Registration issued to the Corporation under the Insurance Ordinance, 2000 (XXXIX of 2000) shall stand transferred to in the name of the Company.

(6) No stamp duty or any other charges shall be payable by the Company under any law for the time being in force or in relation to the transfer or vesting of the assets, contracts, policies, liabilities, proceedings or undertakings of the Corporation to the Company or any shares or securities of certificates or scripts issued in favour of the shareholders or financiers or the Corporation by the Company.

(7) No regulatory fee under any law for the time being in force for incorporation or registration shall be payable by the Company or its sponsors:

Provided that after the incorporation of the Company from the effective date, the Company shall be liable to pay all the applicable regulatory fees.".

**4. Amendment of Article 12, President's Order No.10 of 1972. -** In the said Order, in Article 12, after clause (3,) the following new clause shall be added, namely: -

"(4) The appointment of the Chief Executive Officer and the board of directors of the Company shall be made in accordance with the

SOE Act and the Companies Act, 2017 (XIX of 2017).".

**5. Amendment of Article 14, President's Order No.10 of 1972.-** In the said Order, in Article 14, in clause (2), for paragraph (d), the following shall be substituted, namely: -

"(d) to divest and transfer the whole or any part of the life insurance business and other business carried on inside or outside Pakistan, all the assets, contracts, liabilities proceedings and undertakings of the Corporation, with the prior approval of the Federal Government, to any person or persons, if in the interest of the Corporation it is expedient so to do;".

**6. Amendment of Article 15, President's Order No.10 of 1972.-** In the said Order, in Article 15, after clause (2), the following new clauses shall be added, namely:-

"(3) After the incorporation of the Company under the Companies Act, 2017, (XIX of 2017), the Federal Government shall, by a vesting order publish in the official gazette, direct that all the assets, liabilities, contracts, policies, proceedings and undertakings of the Corporation stand transferred to and vest in the Company on the date specified therein, on such terms and conditions as may be determined by the Federal Government in this behalf and the Corporation shall stand dissolved on the effective date.

(4) The vesting order issued under clause (3) shall, *inter alia*, provide for,-

(a) transfer of all the assets, contracts, liabilities, policies, proceedings and undertakings of the Corporation to the Company;

(b) allotment of shares or debentures of the Company to the shareholders, debenture-holders or bond-holders of the Corporation in proportion to their shares, debentures, bonds or other securities in the Corporation, as the case may be, after determining the net asset value of the Corporation on the effective date;

(c) conversion of the Corporation from the effective date;

(d) transfer of policies and the guarantees issued to the policy holders of the Corporation under article 35 of the Company;

(e) responsibility of retirement benefits including but not limited to pension, post-retirement medical benefit, provident fund, gratuity etc., as applicable to retired employees and officers of the Corporation and the employees and officers whose employment is transferred to the Company and such benefits shall not be varied without the consent of the employees concerned; and

(f) such incidental, consequential and supplemental matters as are necessary to secure and transfer of assets, contracts, policies, liabilities, proceedings and undertakings under this Order.

(5) The value ascribed to the assets and liabilities transferred to and vested in the Company, by the Federal Government under the vesting order, shall represent the fair net value of the assets for taxation, depreciation or any other purpose; and

(6) Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force the Company shall, upon transfer through the vesting order, continue all business and undertakings of the Corporation as were being carried on immediately prior to the effective date by the Corporation.".

**7. Amendment of Article 19, President's Order No.10 of 1972.-** In the said Order, for Article 19, the following shall be substituted, namely: -

**"19. Continuation of service in the Company.-** (1) All employees and officers of the Corporation who were continuously in the service of the Corporation for a period of one year or more excluding those on project contracts immediately before the effective date shall, upon being considered for service by the Company, stand transferred to and become the employees and officers, as the case may be, of the Company as on the effective date on the same terms and conditions of service, rights and privileges including but not limited to the provisions applicable to their pension, post-retirement medical benefits, provident fund, gratuity, as the case may be, before the conversion.

(2) The terms and conditions, rights and privileges including but not limited to the provisions applicable to the pension, post-retirement medical benefits, provident fund and gratuity, as the case may be and other matters as were applicable to the retired employees and officers of the Corporation shall continue to apply to such retired employees or officers after conversion.

(3) Notwithstanding anything contained in any law, contract, agreement or conditions of service, no person transferred to the Company pursuant to clause (1) shall be entitled to any compensation as a consequence of transfer to the Company.

(4) Under the order vesting the property and liabilities of the corporation in the Company, the Federal Government shall require the Company to assume the full responsibility of terms and conditions of service rights and the privileges including but not limited to the provisions applicable to pension, post-retirement medical benefits, provident fund, gratuity benefits etc., as the case may be, of relevant employees and officers and the Company shall not adversely vary and such benefits without the consent of the employees or officers concerned.

(5) The terms and conditions, including but not limited to the provisions applicable to the rights and privileges, as the case may be, and other matters as were applicable to the marketing agents shall continue to apply to such marketing agents after conversion, as the case may be, and the company shall assume the full responsibility thereof.

(6) All contracts subsisting or having effect, immediately before the effective date to which the Corporation may have been a party or beneficiary, shall be deemed to have been made by the Company and shall remain in force for all intents and purposes.

(7) All proceedings by or against or relating to the Corporation pending on the effective date before any court, tribunal, arbitrator or any other authority shall be continued prosecuted, defended, enforced and executed by or against the Company in the same manner and to the same extent as might have been continued, prosecuted, defended, enforced and executed by or against the Corporation.

(8) Any surplus, which emerges as a result of any investigation undertaken in accordance with the Insurance Ordinance, 2000 (XXXIX of 2000) by the Company in respect of policies, shall continue to be allocated or reserved for in accordance with Article 31 as per the terms and conditions of the policies, contracts etc., as the case may be.

(9) Anything done, actions taken, order passed instruments made, notification issued, agreements made, policies issued, proceedings initiated, processes or communication issued, power conferred, assumed or exercised, by the Corporation or, as the case may be, the Federal Government and their officers before the effective date and the actions of the Federal Government and its officers till the issuance of the vesting order shall be deemed to have been validly done, taken, passed, made, issued, initiated, conferred, assumed and exercised and provisions of this Order shall have and shall be deemed always to have, the effect accordingly.

(10) All contracts, agreement, power of attorneys and all other instruments executed by the Corporation before the effective date shall be deemed to have been issued executed or entered into by the Company.

(11) On and after the effective date, any reference to the Corporation in any other law or notification, except where the context

otherwise requires, be construed as reference to the Company.

**8. Amendment of Article 35, President's Order No.10 of 1972.-** In the said Order, Article 35 shall be deemed to be omitted from the effective date.

-----------------------------

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

(Amendments in Life Insurance (Nationalization) Order - 1972)

The Life Insurance (Nationalization) Order, 1972 (LINO) was promulgated to provide for the nationalization of the life insurance business in Pakistan and for the establishment of the State Life Insurance Corporation of Pakistan as a statutory body to carry on such business in the public interest.

2. Over time, developments in the financial sector, the evolution of corporate governance standards, and the introduction of modern regulatory frameworks have necessitated a review of the existing statutory structure governing the State Life Insurance Corporation of Pakistan. The continued operation of the Corporation under a purely statutory regime has resulted in structural and operational constraints, limiting its ability to efficiently respond to market dynamics and contemporary regulatory requirements.

3. It has, therefore, become expedient to restructure the State Life Insurance Corporation of Pakistan through corporatization, by enabling its incorporation as a company under the Companies Act, 2017, with a view to improving governance, enhancing operational efficiency, ensuring regulatory alignment, and promoting transparency and accountability in its management and operations.

4. The proposed amendments further seek to align the legal framework governing the Corporation with the State-Owned Enterprises Act, 2023, and other applicable laws, particularly in relation to ownership, management, board composition, and oversight arrangements, so as to ensure consistency across state-owned commercial entities.

5. The Bill also seeks to provide a clear and enabling legal framework for future strategic options, including divestment or privatization, subject to the approval and decision of the Federal Government in accordance with law. The proposed amendments do not, of themselves, effect any divestment or privatization, but are intended to remove legal impediments and provide clarity for any such action, should it be undertaken at a later stage.

6. In order to ensure a smooth and orderly transition, the amendments provide for the automatic transfer of assets, liabilities, rights, obligations, contracts, policies, and undertakings of the existing Corporation to the successor company, while safeguarding the interests of policyholders and protecting the terms and conditions of service, including pensionary and post-retirement benefits, of the employees.

7. The Bill further seeks to omit obsolete provisions, redefine certain expressions, and introduce transitional and consequential measures, including exemptions from stamp duty and registration fees, as may be necessary to give full effect to the process of corporatization and to remove legal and procedural ambiguities.

8. The proposed amendments have been formulated after consultation with the relevant stakeholders and have been vetted by the Law and Justice Division. The vetted draft has been approved by CCLC in its meeting held on 24th December 2025 and ratified by the Cabinet on 26th December 2025.

**(JAM KAMAL KHAN)**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

## لائف انشورنس (قومیانہ) فرمان، ۱۹۷۲ء میں

## مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے لائف انشورنس (قومیانہ) فرمان، ۱۹۷۲ء (صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء) میں مزید ترمیم کی جائے:

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ لائف انشورنس (قومیانہ) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء کے، آرٹیکل ۲ کی ترمیم:۔** لائف انشورنس (قومیانہ) فرمان، ۱۹۷۲ء (صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ ''مذکورہ فرمان'' کے طور پر دیا گیا ہے، کے آرٹیکل ۲ میں،۔

(الف) پیراگراف (ب) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب) ''اثاثہ جات'' میں ہر قسم ونوعیت کے جو بھی ہوں تمام سرمایہ کاریاں، املاک، حقوق اور استحقاقات شامل ہیں خواہ پاکستان میں یا جہاں کہیں موجود ہوں یا مستقبل میں ہوں، حقیقی یا مشروط ہوں اور مادی یا غیر مادی ہوں اور بشمول لیکن ٹرسٹ میں رکھی گئی، منقولہ اور غیر منقولہ دونوں جائیداد، فوائد، دعوے، قابل وصول رقوم، نقد بیلنس، دستاویزات، محفوظ فنڈز، مراعات اور اختیارات اور کسی بھی ایسی جائیداد میں یا سے پیدا ہونے والے تمام دیگر مفادات اور حقوق اور کتب کھاتہ جات اور دستاویزات تک محدود نہ ہے؛''؛

(ب) مذکورہ بالا طور پر ترمیم کردہ پیراگراف (ب) کے بعد، حسب ذیل نئے پیراگراف کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب الف) ''کمپنی'' سے آرٹیکل ۱۱ کی شق (۳) کی مطابقت میں کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۱۹ بابت ۲۰۱۷ء) کے تحت قائم کردہ اور تشکیل شدہ اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ مراد ہے؛''؛

(ج) پیراگراف (ج) کے بعد، حسب ذیل نئے پیراگراف کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ج الف) ''معاہدات'' سے کارپوریشن کی جانب سے یا اس کی طرف سے تعمیل شدہ ہر قسم کے تمام معاہدات، اقرارنامے، تمسکات، ضمانتیں، ہرجانے، نمائندگیاں، وجوب، ذمہ داریاں اور دیگر قانونی دستاویزات اور کاغذات مراد ہیں اس میں کسی کے ساتھ بھی ملازمت، سرمایہ کاری، فروخت اور مالیاتی معاہدات شامل ہیں؛''؛

(د) پیراگراف (د) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(د) ''کارپوریشن'' سے آرٹیکل ۱۱ کی شق (۱) کے تحت تشکیل شدہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن مراد ہے؛''؛

(ہ) پیراگراف (ہ) کے بعد، حسب ذیل نئے پیراگرافوں کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ہ الف) ''موثر تاریخ'' سے وہ تاریخ مراد ہے جس پر کارپوریشن کے تمام اثاثہ جات، جائیداد، حقوق اور واجبات کمپنی میں تفویض ہو جائیں گے؛''؛

(ہ ب) ''واجبات'' سے کارپوریشن کی جانب سے قانونی طور پر عائد کردہ تمام واجبات مراد ہیں اور اس میں اس پر عائد کردہ ہر قسم کے فرائض اور وجوب شامل ہیں۔

(و) پیراگراف (و) کے بعد، حسب ذیل نئے پیراگرافوں کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(و الف) ''پالیسیاں'' سے حکومت پاکستان کی ضمانت کے ساتھ کارپوریشن کی جانب سے جاری کردہ انشورنس کے معاہدہ جات اور پالیسیوں کے

قیود و شرائط کے تحت کمپنی کی جانب سے جاری کردہ پالیسیاں مراد ہیں؛

(وب) ''کارروائیاں'' میں کوئی بھی نالش، ثالثی یا دیگر قانونی، انتظامی یا ضابطہ جاتی کارروائیاں، درخواستیں، اپیلیں، ایوارڈز، دائر کردہ یا زیر التواءنظر ثانیاں یا نگرانیاں شامل ہیں؛

(وج) ''قواعد'' سے اس فرمان کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں؛

(ود) ''SOE ایکٹ'' سے ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳، (۷ بابت ۲۰۲۳ء) مراد ہے''؛

(ز) پیراگراف (ز) کے بعد، حسب ذیل نئے پیراگراف کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ز الف) ''منتقلی'' میں حکومت پاکستان کی ضمانت کے ساتھ جاری کردہ اثاثہ جات، معاہدات، پالیسیوں کی، کارپوریشن کے انتظامات، واجبات، کارروائیوں اور ذمہ داریوں کی، جیسی بھی صورت ہو، کمپنی کو منتقلی شامل ہے؛''؛

(ح) پیراگراف (ط) میں، لفظ ''اور'' آخر میں آ رہا ہو تو، حذف کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئے پیراگرافوں کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ط الف) ''ذمہ داریاں'' میں کارپوریشن کی جانب سے ذمے لیے گئے تمام پروجیکٹس، مہم جوئیاں اور کوئی بھی دیگر آپریشنز شامل ہیں جو کچھ دیگر شخص اور فریق کے ساتھ مل کر انفرادی طور پر یا مجموعی طور پر کیے گئے ہوں؛

(ط ب) ''تفویضی فرمان'' سے آرٹیکل ۱۵ کے تحت وفاقی حکومت کا وضع کردہ فرمان مراد ہے؛ اور

**۳۔ صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء کے، آرٹیکل ۱۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان میں، آرٹیکل ۱۱ میں، شق (۲) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۳) وفاقی حکومت ایک کمپنی قائم کرے گی جو اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی کے نام سے موسوم ہوگی جو

حصص تک محدود ہے اور کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۱۹ بابت ۲۰۱۷ء) کے تحت ایک ہیئت کی صورت میں تشکیل پائی ہے، جس کا اہم مقصد کارپوریشن کا کاروبار، کارہائے منصبی، معاہدات، پالیسیاں، کارروائیاں، ذمہ داریاں، اثاثہ جات، وجوب وغیرہ کو ذمہ لینا ہے۔

(۴) اس فرمان میں شامل کسی بھی شئے کے باوصف، SOE ایکٹ اس ایکٹ کے احکامات پر لاگو ہوگا اور اس فرمان اور SOE ایکٹ کے کسی بھی احکامات میں تضاد کی صورت میں، SOE ایکٹ کے احکامات غالب رہیں گے۔

(۵) موثر تاریخ پر، انشورنس آرڈیننس، ۲۰۰۰ء (۳۹ بابت ۲۰۰۰ء) کے تحت کارپوریشن کو جاری کردہ رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ کمپنی کے نام پر منتقل کردہ متصور ہوگا۔

(۶) کارپوریشن کے اثاثہ جات، معاہدات، پالیسیوں، وجوبات، کارروائیوں یا ذمہ داریوں کی کمپنی کو منتقلی یا تفویض یا کوئی حصص یا سکیورٹیز یا سرٹیفکیٹس یا اسکرپٹ جو شیئر ہولڈرز کی نسبت ہو، پر کوئی اسٹاپ ڈیوٹی یا کوئی دیگر چارج فی الوقت نافذ العمل قانون کے تابع قابل ادائیگی نہ ہوں گے۔

(۷) فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون کے تحت تشکیل یا رجسٹریشن کے لیے کوئی ریگولیٹری فیس کمپنی یا اس کے سرپرست کی جانب سے ادا نہ کی جائے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ موثرہ تاریخ سے کمپنی کی تشکیل کے بعد، کمپنی تمام قابل اطلاق ریگولیٹری فیسیں ادا کرنے کی ذمہ دار ہوگی۔"۔

## ۴۔ صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء کے، آرٹیکل ۱۲ کی ترمیم:۔

مذکورہ فرمان میں، آرٹیکل ۱۲ میں، شق (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۴) کمپنی کے چیف ایگزیکٹو افسر اور ڈائریکٹرز کے بورڈ کا تقرر SOE ایکٹ اور کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۱۹ بابت ۲۰۱۷ء) کی مطابقت میں کیا جائے گا"۔

## ۵۔ صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء کے، آرٹیکل ۱۴ کی ترمیم:۔

مذکورہ فرمان میں، آرٹیکل ۱۴ میں، شق (۲) میں، پیراگراف (د) میں، حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(د) لائف انشورنس کے کاروبار اور کوئی دیگر کاروبار جو پاکستان میں یا بیرون پاکستان انجام دیا

جا رہا ہو، کارپوریشن کے تمام اثاثہ جات، معاہدات، وجوب، کارروائیاں اور ذمہ داریاں، وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری سے، کسی بھی شخص یا اشخاص کو، اگر ایسا کرنا کارپوریشن کے مفاد میں قرین مصلحت ہو، تو ترک اور منتقل کردی جائیں گی۔

۶۔ **صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء کے، آرٹیکل ۱۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان میں، آرٹیکل ۱۵ میں، شق (۲) کے بعد، حسب ذیل شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳) کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۱۹ بابت ۲۰۱۷ء) کے تحت کمپنی کی تشکیل کے بعد، وفاقی حکومت، تفویض فرمان کے سرکاری جریدے میں اشاعت کے بعد، یہ ہدایت دی جاسکتی ہے کہ کارپوریشن کے تمام اثاثہ جات، وجوب، معاہدات، پالیساں، کارروائیاں اور ذمہ داریاں اس میں صراحت کردہ تاریخ پر کمپنی کو منتقل شدہ اور تفویض شدہ متصور ہوں گی، ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ وفاقی حکومت اس سلسلے میں تعین کرسکتی ہے اور موثرہ تاریخ کو کارپوریشن تحلیل شدہ متصور ہوگی۔

(۴) شق (۳) کے تحت جاری کردہ تفویضی فرمان، منجملہ دیگراں، حسب ذیل کا اہتمام کرے گا،۔

(الف) کارپوریشن کے تمام اثاثہ جات، معاہدات، وجوب، پالیسیوں، کارروائیوں اور ذمہ داریوں کو کمپنی کو منتقل کرنا؛

(ب) موثرہ تاریخ پر کارپوریشن کے مجموعی اثاثہ کے قدر کے تعین کے بعد، کارپوریشن کے اسٹاک ہولڈرز، سند مقروضیت ہولڈرز یا بانڈ ہولڈرز کو کمپنی کے حصص یا سند مقروضیت اُن کے حصص، سند مقروضیت بانڈز یا کارپوریشن میں دیگر سکیورٹیز میں ان کے تناسب سے الاٹ کرنا، جیسی بھی صورت ہو،

(ج) موثرہ تاریخ سے کارپوریشن کی تقلیب؛

(د) کمپنی کے آرٹیکل ۳۵ کے تحت کارپوریشن کے پالیسی ہولڈرز کو پالیسیاں اور گارنٹیز منتقل کرنا؛

(ہ) سبکدوشی کے فوائد کی ذمہ داری بشمول لیکن پنشن، سبکدوشی کے بعد طبی فائدہ، پراویڈنٹ فنڈ، گریجویٹی وغیرہ تک محدود نہیں جیسا کہ کارپوریشن کے ریٹائرڈ ملازمین اور افسران پر قابل اطلاق ہے اور ان ملازمین اور افسران جن کی ملازمت کمپنی کو منتقل ہوئی ہے اور مذکورہ فوائد متعلقہ ملازمین کی رضامندی کے بغیر نہیں ہوں گے؛ اور

(د) ایسے واقعاتی، نتیجہ خیز اور ضمنی معاملات جو اثاثوں، معاہدوں، پالیسیوں، وجوب کارروائیوں اور اس حکم کے تحت ضمانت کی منتقلی کو محفوظ بنانے کے لیے ضروری ہوں۔

(۵) اثاثوں اور ذمہ داریوں سے منسوب قیمت جو کہ وفاقی حکومت کی طرف سے حکم تفویض کے تحت کمپنی کو منتقل کی گئی ہے اور اس کو عطاء کی گئی ہے محصول عائد کرنے فرسودگی یا دیگر کسی مقصد کے لیے اثاثوں کی خالص قیمت کی نمائندگی کرے گی؛ اور

(۶) فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون میں شامل کسی بھی شے کے باوصف، کمپنی حکم تفویض کے ذریعے، منتقلی کے بعد کارپوریشن کے تمام کاروبار اور ذمہ داریوں کو جاری رکھے گی جیسا کہ کارپوریشن کی طرف سے موثر تاریخ سے فوراً قبل جاری رکھا گیا ہو۔

۷۔ **صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء آرٹیکل ۱۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان میں آرٹیکل ۱۹ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۹۔ کمپنی میں ملازمت کا تسلسل:۔ (۱) کارپوریشن کے تمام ملازمین اور افسران جو ایک سال یا اس سے زیادہ مدت کے لیے مسلسل کارپوریشن کی ملازمت میں تھے علاوہ ان کے جو موثرہ تاریخ سے فوراً قبل پراجیکٹ، کنٹریکٹس پر وہ کمپنی کی ملازمت پر مستقل کیے گئے تصور کیے جائیں گے اور کمپنی کے ملازمین اور افسران بن جائیں گے، جیسی بھی صورت ہو، تبدیلی سے قبل موثر تاریخ سے ملازمت کی ایسی قیود و شرائط حقوق اور مراعات پر بشمول لیکن ان کی پنشن کے بعد طبی فوائد پر ویڈینٹ فنڈ گریجویٹی تک محدود نہیں ہوں گے، جیسی بھی صورت ہو۔

(۲) قیود و شرائط، حقوق و مراعات بشمول سبکدوشی، پنشن کے بعد طبی فوائد، پرویڈنٹ فنڈ اور گریجویٹی پر لاگو ہونے والی دفعات کے، مگر اس تک محدود نہیں ہے، جیسی بھی صورت ہو اور دیگر معاملات جیسا کہ کارپوریشن کے سبکدوش ملازمین اور افسران پر قابل اطلاق تھے تبدیلی کے بعد ایسے سبکدوش ملازمین یا افسران پر لاگو ہوتے رہیں گے۔

(۳) کسی بھی دیگر قانون، معاہدہ، اقرار نامہ یا ملازمت کی شرائط میں شامل کسی بھی شے کے باوجود، شق (۱) کی مطابقت میں کمپنی کو منتقل کردہ کوئی بھی شخص، کمپنی کو منتقلی کے نتیجے میں کسی بھی معاوضے کا حقدار نہیں ہوگا۔

(۴) کمپنی میں کارپوریشن کی جائیداد اور واجبات عطاء کرنے کے حکم کے تحت وفاقی حکومت کمپنی سے متعلقہ ملازمین اور افسران کے حقوق کی قیود و شرائط اور مراعات بشمول سبکدوشی، پنشن کے بعد طبی فوائد پرویڈنٹ فنڈ، گریجویٹی کے فوائد وغیرہ پر لاگو ہونے والی دفعات کی مکمل ذمہ داری قبول کرنے کا تقاضا کرے گی، جیسی بھی صورت ہو

اور کمپنی مذکورہ فوائد کو متعلقہ ملازمین یا افسران کی رضامندی کے بغیر مذکورہ فوائد میں ناموافق طور پر تبدیلی نہیں کرے گی۔

(۵) قیود و شرائط بشمول حقوق اور مراعات پر لاگو ہونے والی دفعات لیکن ان تک محدود نہ ہوں گی جیسی بھی صورت ہو اور دیگر معاملات جو کہ بازارکاری کے کارندوں پر لاگو تھے تبدیلی کے بعد بھی ایسے بازارکاری کے کارندوں پر لاگو ہوتے رہیں گے، جیسی بھی صورت ہو اور کمپنی اس کی پوری ذمہ داری قبول کرے گی۔

(۶) تمام معاہدات موجود رکھتے ہیں یا موثر ہیں اس تاریخ سے فوراً قبل جس پر کارپوریشن ایک فریق یا مستفع رہی ہو کمپنی کی جانب سے وضع کیے گئے سمجھے جائیں گے اور تمام اغراض و مقاصد کے لیے نافذ العمل رہیں گے۔

(۷) کارپوریشن کی جانب سے یا اس کے خلاف یا اس سے متعلق تمام کارروائیاں موثرہ تاریخ پر کسی بھی عدالت، ٹربیونل، ثالث یا دیگر کسی اتھارٹی کے روبرو زیر التوا، ہوں کمپنی کی جانب سے یا اس کے خلاف ایسے ہی طریقے سے اور اسی حد تک جاری جار رکھی جائیں گی، مقدمہ چلایا جائے گا، دفاع کیا جائے گا نافذ کی جائیں گی جیسا کہ کارپوریشن کی جانب سے یا اس کے خلاف جاری رکھی گئی ہوں مقدمہ چلایا گیا ہو دفاع کیا گیا ہو نافذ کی گئی ہو اور تعمیل کی گئی ہو۔

(۸) کمپنی کی جانب سے پالیسیوں کے سلسلے میں انشورنس آرڈیننس ۲۰۰۰ء (نمبر ۳۹ مجریہ ۲۰۰۰ء) کے مطابق کی گئی کسی بھی تحقیقات کے نتیجے میں سامنے آنے والی کوئی اضافی رقم، آرٹیکل ۳۱ کے مطابق اس کے لیے مختص یا محفوظ کی جائے گی، جیسا کہ قیود و شرائط یا پالیسی وغیرہ کے مطابق ہو سکتا ہے، جیسی بھی صورت ہو۔

(۹) کارپوریشن یا، جیسی بھی صورت ہو، وفاقی حکومت اور اس کے افسران کی جانب سے موثرہ تاریخ سے قبل انجام دیا گیا کوئی بھی عمل، کی گئی کارروائیاں، صادر کردہ حکم، وضع کردہ دستاویزات، جاری کردہ اعلامیے، وضع کردہ معاہدے جاری کردہ پالیسیاں، آغاز کردہ کارروائیاں، جاری کردہ اطلاع یا طریق عمل، عطاء کردہ اختیار کوئی بھی شئے حکم تفویض کے اجراء تک جائزہ طور پر انجام دیا گیا، کیا گیا، صادر کردہ، وضع کردہ، جاری کردہ، آغاز کردہ، عطاء کردہ، اختیار کردہ اور استعمال کردہ سمجھا جائے گا۔ اور اس فرمان کے احکامات، بعینہ موثر رہیں گے اور ہمیشہ سے اسی طرح متصور ہوں گے۔

(۱۰) موثرہ تاریخ سے قبل کارپوریشن کی جانب سے عمل درآمد کردہ تمام معاہدات، اقرار نامہ، مختار نامے اور دیگر تمام دستاویزات کمپنی کی جانب سے جاری کردہ عمل درآمد کردہ یا کیا گیا سمجھا جائے گا۔

(۱۱) موثرہ تاریخ پر اور اس کے بعد کارپوریشن کو کوئی بھی ریفرنس کسی بھی دیگر قانون یا اعلامیے میں ماسوائے جہاں سیاق میں بصورت دیگر مطلوب ہو کمپنی کو بطور ریفرنس تعبیر کیا جائے گا۔

۸۔ **صدارتی فرمان نمبر ۱۰ مجریہ ۱۹۷۲ء کے آرٹیکل ۳۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ فرمان میں آرٹیکل ۳۵ کو موثر بہ تاریخ سے حذف شدہ سمجھا جائے گا۔

--------------------------

# بیان اغراض و وجوہ

## لائف انشورنس (قومیانہ) فرمان، ۱۹۷۲ء میں ترامیم

(لائف انشورنس (قومیانہ) فرمان، ۱۹۷۲ء (LINO) پاکستان میں لائف انشورنس کے کاروبار کو قومیانہ کا اہتمام کرنے کے لیے اور اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پاکستان کو بطور قانونی ہیئت ایسے کاروبار کو عوامی مفاد میں جاری رکھنے کے لیے جاری کیا گیا تھا۔

۲۔ وقت کے ساتھ ساتھ، مالیاتی شعبے میں ہونے والی ترقی، کارپوریٹ گورننس کے معیارات کا ارتقاء، اور جدید ریگولیٹری فریم ورک کا تعارف، جو موجودہ قانونی ڈھانچے جو کہ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کو چلاتی ہے، پر نظر ثانی کو ناگزیر بناتا ہے۔ خالصتاً قانونی نظام کے تحت کارپوریشن کے مسلسل آپریشنز کے نتیجے میں ساختی اور آپریشنل رکاوٹیں پیدا ہوئیں، جس نے مارکیٹ کے محرکات اور معاصرانہ ریگولیٹری ضروریات کی جواب دہی کے لیے اس کی استعداد محدود ہو گئی ہے۔

۳۔ لہٰذا، یہ قرین مصلحت ہے کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پاکستان کی تنظیم نو کارپوریشن کے ذریعے سے کی جائے، تاکہ اسے کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے تحت ایک کمپنی کے طور پر شامل کیا جاسکے، اس نقطہ نظر سے کہ گورننس میں بہتری لائی جائے، عملی کارکردگی میں اضافہ کیا جائے، ضابطہ جاتی ہم آہنگی کو یقینی بنایا جائے، اور اس کے انصرام اور آپریشن میں شفافیت اور جوابدہی کو فروغ دیا جائے۔

۴۔ مجوزہ ترامیم کا مزید مقصد کارپوریشن چلانے والے قانونی فریم ورک کو ریاستی ملکیتی کاروباری اداروں کے ایکٹ، ۲۰۲۳ء اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے ساتھ، بالخصوص ملکیت، انصرام، بورڈ کی تشکیل، اور نگرانی کے انتظامات کے حوالے سے ہم آہنگ کرنا ہے، تاکہ ریاستی ملکیتی تجارتی ہیئتوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنایا جاسکے۔

۵۔ بل مستقبل کے کلیدی اختیارات کے لیے ایک واضح اور باسہولت قانونی فریم ورک فراہم کرنے کا بھی متلاشی ہے، جس میں قانون کی مطابقت میں وفاقی حکومت کی منظوری اور فیصلے کے تابع، فروخت حصص یا نجکاری شامل ہے۔ مجوزہ ترامیم، بذات خود، کسی بھی فروخت حصص یا نجکاری کو نافذ نہیں کرتیں، بلکہ اس کا مقصد قانونی رکاوٹوں کو دور کرنا ہے اور کسی بھی ایسے اقدام کے لیے وضاحت فراہم کرنا ہے اگر ایسا مستقبل میں کیا جائے۔

۶۔ بلا رکاوٹ اور منظم منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے، موجودہ کارپوریشن کے اثاثہ جات، واجبات، حقوق، وجوب، معاہدات، پالیساں، اور ذمہ داریوں کی جانشین کمپنی میں خودکار منتقلی کے لیے ترامیم کا اہتمام کیا جاتا ہے، جب کہ پالیسی ہولڈرز کے مفادات کا تحفظ کیا جا رہا ہے اور ملازمین کی، ملازمت کے قیود و شرائط، بشمول پنشن اور ریٹائرمنٹ کے بعد کے فوائد کو محفوظ کیا جا رہا ہے۔

۷۔ بل کا مزید مقصد فرسودہ احکامات کو حذف کرنا ہے، بعض اصطلاحات کی ازسرِنو وضاحت کرنا ہے، اور عبوری و ضمنی اقدامات متعارف کرانا ہے، جن میں اسٹامپ ڈیوٹی اور رجسٹریشن فیس سے استثنیٰ شامل ہے، جیسا کہ کارپوریٹائزیشن کے عمل کو مکمل طور پر موثر بنانے کے لیے اور ضابطہ جاتی ابہام کو دور کرنے کے لیے ضروری ہے۔

۸۔ مجوزہ ترامیم کو متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد مرتب کیا گیا ہے اور قانون و انصاف ڈویژن کی جانب سے اس کی جانچ پڑتال کی گئی ہے۔ جانچ شدہ مسودے کی منظوری سی سی ایل سی نے ۲۴ دسمبر ۲۰۲۵ء کو اپنے منعقدہ اجلاس میں دی اور کابینہ نے ۲۶ دسمبر ۲۰۲۵ء کو اس کی توثیق کی۔

(جام کمال خان)